نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" پروگرام کے تحت زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ لیا گیا

لاہور، **11** اگست **2025**: صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ منعقد ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ زرعی شعبہ کی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی وزیراعلیٰ پنجاب کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔جس پر عملی جامہ پہنانے کے لیے انقلابی پروگرامز جاری ہیں جس سے کسانوں کے معاشی حالات میں بہتری آرہی ہے۔انھوں نے کہا کہ اب تک کاشتکاروں کی کسان کارڈ فیز ٹو کے لیے 6 لاکھ 95 ہزار درخواستیں منظور ہو چکی ہیں جا چکے ہیں۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ حکومت پنجاب کا ایک فلیگ شپ پروگرام ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ کسان کارڈ ہولڈرز کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے تاکہ کاشتکار بروقت زرعی مداخل کی خرید کرسکیں۔کسان کارڈ کے دوسرے مرحلے کے دوران مجموعی رقم 94.15 ارب روپے مختص کئے گئے جس میں سے کسانوں نے اب تک 49.33 ارب روپے کی رقم استعمال کرلی ہے اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ سپورٹ پروگرام کے تحت 14 ارب روپے کی رقم کسانوں میں تقسیم کی جا چکی ہے۔مزید براں اسی پروگرام کے تحت 978 ٹریکٹرز کاشتکاروں میں شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کئے جا چکے ہیں۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت دوسرے مرحلہ کے لیے درخواستوں کی وصولی 13 اگست سے شروع ہو جائے گی اور 50 ہارس پاور سے 65 ہارس پاور کے مقامی طور پر تیار کردہ 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو 5 لاکھ سبسڈی جبکہ 75 ہارس پاور سے 125 ہارس پاور کے 10 ہزار لوکل و درآمد کیے گئے ٹریکٹرز پر 10 لاکھ سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت تحصیل کی سطح پر ڈیجیٹل قرعہ اندازی کا انعقاد 15 ستمبر کو کیا جائے گا۔صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے میں ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور سرگودھا کے تعمیراتی کام مکمل ہو چکے ہیں۔انھوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ کے دوران پنجاب میں 10 مزید ماڈل ایگری مالز بنائے جائیں

گے۔زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران 2 ہزار مزید زرعی گریجویٹس بھرتی کئے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں نوجوان زرعی گریجویٹس 15 اگست تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں اور اب تک 5300 درخواستیں وصول کی جا چکی ہیں۔۔سولرائزیشن آف ایگری ٹیوب ویلز کی زرعی فارموں پر تنصیب کے پروگرام کے تحت 10، 15 اور 20 کلوواٹ سولر سسٹم پر بالترتیب 5 لاکھ، ساڑھے 7 لاکھ اور 10 لاکھ روپے سبسڈی دی جا رہی ہے۔اس پروگرام کے تحت اب تک 5068 سولر سسٹم انسٹال کر دیئے گئے ہیں۔یہ اسکیم 30 ستمبر تک مکمل کر لی جائے گی۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ سولرایزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے مکمل ہونے سے پانی کو محفوظ کرنے کے ساتھ بجلی کی بچت بھی ہوگی۔وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت سپر سیڈرز کی فراہمی کا پہلا اور دوسرا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔رواں سال ماہ اکتوبر تک مجموعی طور پر 5 ہزار سپر سیڈرز فیلڈ میں
آجائیں گے۔ان میں سے 800 سپر سیڈرز ترجیحاً موٹروے کے قریب دیہی علاقوں کو دیے جا رہے ہیں۔عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت اگلے مالی سال میں 11 قسم کی جدید نئی مشینری وآلات کاشت کاروں کو سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت ایک ہزار مشینری وآلات کاشت کاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے لیے 30 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے جس کے تحت سروس پروائیڈرز/کاشت کاروں کو زرعی مشینری کی خرید کیلئے 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے۔یہ بلاسود قرض سروس پروائیڈرز/کاشتکار 5 سال کی مدت میں واپس کریں گے۔اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ پنجاب پانی کی بچت کے منصوبے کے تحت 1400 کھالہ جات کو پختہ کیا جائے گا اور 500 لیزر لیولرز موجودہ سال تقسیم کئے جائیں گے جبکہ 500 مزید لیزر لیولرز شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے اگلے سال تقسیم کئے جائیں گے۔وزیر اعلیٰ پنجاب ٹرانسفارمیشن آف پوٹھوہار ریجن پروگرام کے تحت 7 ہزار ایکڑ رقبہ قابل کاشت بنایا جائے گا۔اس کے علاوہ 500 منی ڈیمز اور کمانڈ ایئر سے متصل 250 کھالہ جات بنائے جائیں گے۔6 ہزار ایکڑ پر زیتون کی کاشت کی جائے گی اور 2 ہزار ایکڑ رقبہ مونگ پھلی کے بیج و 100 ایکڑ رقبہ پر ادرک کی کاشت کی جائے گی۔اس کے پروگرام کے تحت پوٹھوہار کے علاقہ میں 500 لیزر لینڈ لیولرز بھی دیئے جائیں گے
اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت نبیل اعوان، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ زراعت عامر شہزاد، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجینئر ساجد حسن، رانا تجمل سمیت دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆